بات چیت کے لیے

1۔ آپ وقت کے بارے میں کچھ بتائیے۔ خوشی کا وقت یا غم کا وقت 2۔ کورونا کے وقت کیا آپ نے کسی کی مدد کی؟ 3۔ کورونا کے وقت آئی پریشانیوں سے آپ نے کیا سیکھا؟ 4۔ ماسک لگانا کیوں ضروری ہے؟ بحث کیجیے۔ 5۔ ہینڈ سینی ٹائزر کے استعمال کی کیا اہمیت ہے؟ اس پر بحث کیجیے۔





9 وقت وقت کی بات

ہم سیکھیں گے

- دو ہندسی گنتی کی ضرب
- وقت کی پیمائش (گھنٹہ، منٹ، سیکنڈ)
- وقت کی اہمیت
- وقت کی پیمائش کا استعمال کرنا (12 اور 24 گھنٹے والی گھڑی)

نیچے دیے گئے لفظوں کو پڑھیے۔

وقت	دِن	دور	زمانہ
مدّت	گھڑی	ہفتہ	سال
مہینہ	دن	رات	کلینڈر
صبح	شام	دوپہر	وقت

استاد کے لیے ہدایت: وقت سے متعلق لفظوں کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ وقت سے متعلق کچھ کہاوتوں اور محاورے تلاش کرنے کی کوشش کیجیے۔

مل کر پڑھیے اور بات چیت کیجیے

ہاں جی، ناجی

بات تب کی ہے جب ہاں جی اور ناجی دونوں بے روزگار تھے۔ دونوں صبح سے شام تک نوکری کی تلاش میں بھٹکتے رہتے تھے۔ نوبت ایسی آ گئی کہ بس دو وقت کی روٹی مل جائے تو وہ کچھ بھی کرنے کو تیار تھے۔ انھیں دنوں شہر میں ایک سرکس آیا۔ سرکس والوں نے مقامی اخبار میں اشتہار دیا کہ انھیں کچھ دنوں کے لیے چند آدمیوں کی ضرورت ہے۔ خواہشمند حضرات صبح دس بجے ہوٹل مانسروور میں رابطہ کریں۔ ساڑھے



دس بجتے بجتے ناجی پہنچ گئے۔سرکس والوں نے کہا ”دیکھو بھائی، بات یہ ہے کہ ہمارا بندر بیمار پڑ گیا ہے اُس کی جگہ تمھیں بندر کی کھال پہن کر تھوڑی دیر کے لیے بندر بننا پڑے گا۔ایک دن کے ساٹھ روپے ملیں گے“۔
ناجی نے پوچھا ”بندر بن کر مجھے اُچھل کُود کرنی ہوگی؟“
سرکس والوں نے کہا ”ہاں، لیکن شیر کے پنجرے میں جاکر گھبراؤ نہیں۔شیر تمھیں کچھ نہیں کرے گا“ ناجی کو ڈر تو بہت لگا لیکن کام کی سخت ضرورت تھی، اس لیے راضی ہو گئے۔
اگلے دن بندر کی کھال پہن کر ناجی اُچھل کود کرتے ہوئے پہنچے۔ناظرین انھیں دیکھ کر بہت خوش ہوئے اور تالیاں بجانے لگے۔لیکن جب شیر کے پنجرے میں جانے کی باری آئی تو ناجی کے ہاتھ پیر پھول گئے۔اُن سے ایک قدم بھی آگے نہیں بڑھایا گیا۔بڑی مشکل سے تین آدمیوں نے مل کر انھیں شیر کے پنجرے میں دھکیلا۔
شیر کو سامنے دیکھ کر ناجی کی گھگّھی بندھ گئی۔وہ کونے سے چپک گئے اور تھر تھر کانپنے لگے۔دھیرے دھیرے چلتے ہوئے شیر ان کے سامنے آیا۔اُس نے اپنا منہ ناجی کے منہ سے لگایا اور بولا، ”گھبرا مت! میں ہاں جی ہوں، تو ساڑھے دس پر پہنچا، میں تو پونے دس بجے ہی پہنچ گیا تھا۔اُس وقت شیر کی پوسٹ خالی تھی۔
“

سویم پرکاش (مآخذ: سائیکل، بچوں کا دُپھیا)

مل کر پڑھیے اور بات چیت کیجیے۔

سوال 1: اب سرکس کا پہلے جیسا چلن نہیں رہا، اس کی کیا وجوہات ہوسکتی ہیں؟


سوال 2: ایسے اور کون کون سے کھیل تماشے ہیں جن کا کچھ وقت پہلے تک کافی چلن تھا، پر اب نہیں ہے۔ایسا کیوں ہے؟

سوال 3 بے روزگاری کی وجہ سے ہاں جی اور نا جی کو سرکس میں کام کرنا پڑا۔ آج کے زمانے میں روزگار کے مواقع بڑھے ہیں یا گھٹے ہیں، کیسے؟

سوال 4 آج کے زمانے میں بھی کچھ لوگ عورتوں کا گھر سے باہر جاکر نوکری کرنا پسند نہیں کرتے۔ اس بارے میں آپ کی کیا رائے ہے اور کیوں؟

سوال 5 اکثر لوگوں کو ایسے کاموں میں زندگی گزارنی پڑتی ہے جو وہ نہیں کرنا چاہتے۔ ایسا کیوں ہے اور کیا اس کا کوئی حل ہو سکتا ہے؟


میرا پسندیدہ کام



ٹھیک وقت پر

ایک معمول سے روز سویرے
سورج نکل آتا ہے،
ایک معمول سے گھٹتا بڑھتا چندا
مسکاتا ہے۔

ایک معمول سے تارے دھندلے
ہو کر پھر کِھل جاتے ہیں،
ایک معمول سے ندیاں، نالے
ساگر میں مل جاتے ہیں۔



ایک معمول سے تم بھی اپنے سارے
کام سنبھالو،
سو کر اُٹھو، نہاؤ، دھوؤ
بیٹھو، کھانا کھالو

ٹھیک وقت پر پڑھنے جاؤ
ٹھیک وقت پر کھیلو
تو تم سب کچھ کر سکتے ہو
جو چاہو وہ لے لو

از: نرنکار دیوسیوک

سوال 1: ذیل میں لفظ ”وقت“ کا استعمال کر کے ایک جملہ بنایا گیا ہے۔ آپ بھی نیچے دیے گئے لفظوں کو استعمال کرتے ہوئے جملے بنا کر لکھیے

وقت	جو وقت کی قدر نہیں کرتا، وقت اس کی قدر نہیں کرتا
زمانہ	
عہد	
دور	
دن	

سوال 2: اس گیت میں وقت پر کام کرنے پر زور دیا گیا ہے:

ایک معمول سے تم بھی
اپنے سارے کام سنبھالو
سو کر اُٹھو، نہاؤ، دھوؤ،
بیٹھو، کھانا کھالو

آپ کون سا کام وقت پر کر پاتے ہیں اور کون سا نہیں؟ وجہ بھی بتائیے۔

سوال 3 کوئی ایسا کام جو آپ دیے گئے وقت پر کریں گے یا کرنا چاہیں گے۔

آج	
کل	
اس ہفتے	
اس مہینے	
اس سال	

میرے الفاظ

ہماری باتوں میں 'وقت' کب، کہاں اور کیسے آتا ہے پڑھیے

'وقت' کا پھیر

اب پچھتائے کیا ہوت، جب چڑیاں چگ گئیں کھیت

وقت خراب چل رہا ہے


وقت وقت کی بات ہے

گیا وقت پھر واپس نہیں آتا

کل کرے سو آج کر


اس طرح کے کچھ اور جملے بنائیے جن میں وقت کا استعمال ہو

آؤ گنیں اپنے ہاتھوں کی انگلیاں



2×5=10 دو ہاتھوں میں کُل انگلیاں

12 ہاتھوں میں کتنی انگلیاں؟




12 بار 5 یعنی


12×5 یا $\begin{array}{r} 12 \\ \times 5 \\ \hline \end{array}$

آیئے، گھڑی سے وقت دیکھنا سیکھیں۔


عام طور پر گھڑی کے ڈائل پر 12 نمبر ہوتے ہیں، ہر دو نمبروں کے بیچ 4 چھوٹی چھوٹی لائنیں ہوتی ہیں۔



- پورے ڈائل پر کُل کتنی لائنیں ہیں؟ گن کر لکھیے، _____ لائنیں
- گھڑی کے ڈائل پر دو یا تین طرح کی سوئیاں گھومتی ہیں۔



تین سوئیوں والی گھڑی



دو سوئیوں والی گھڑی

- سب سے موٹی اور چھوٹی سوئی گھنٹے کی سوئی ہے۔ یہ گھنٹے بتاتی ہے۔ گھنٹے کی سوئی ایک نمبر سے دوسرے نمبر پر ایک گھنٹے میں پہنچتی ہے۔ یہ 12 گھنٹے میں پورے ڈائل کا ایک چکّر لگاتی ہے۔ 24 گھنٹے یا ایک دن میں یہ پورے ڈائل کے کتنے چکر لگاتی ہے؟ _____
- اس سے پتلی اور لمبی سوئی منٹ کی ہوتی ہے۔ یہ منٹ بتاتی ہے۔ منٹ کی سوئی ایک نمبر سے دوسرے نمبر پر پانچ منٹ میں پہنچتی ہے۔ یہ 60 منٹ میں پورے ڈائل کا ایک چکر لگاتی ہے۔
- سب سے پتلی اور لمبی سوئی سیکنڈ کی ہوتی ہے۔ یہ سب سے تیز چلتی ہے۔ یہ سیکنڈ بتاتی ہے۔



گھڑی میں پانچ بجے ہیں



گھڑی میں دو بجے ہیں

60 منٹ پورے ہونے پر ایک گھنٹے کا وقت ہوتا ہے۔

3 گھنٹوں میں کتنے منٹ ہوں گے؟

60×3 یا

$$\begin{array}{r} 60 \\ \times\ 3 \\ \hline \end{array}$$

گھڑی میں کتنے بجے۔۔۔



جب منٹ کی سوئی 12 پر ہو تو گھنٹہ کی سوئی جس ہندسہ پر ہوگی، اتنے ہی بجے ہوں گے۔جیسے اگر گھنٹے کی سوئی 3 پر اور منٹ کی سوئی 12 پر ہوگی تو 3 بجیں گے



____ بجے



بارہ بجے



____ بجے



____ بجے



بجے ____



بجے ____



بجے ____



بجے ____

استاد کے لیے ہدایت: ساتھیوں کو ترغیب دیں کہ وہ گھڑی میں دیکھ کر وقت بتانا سیکھیں۔ وقت دیکھنے اور گھنٹے، منٹ، سیکنڈ کے آپسی تعلق کو سمجھیں۔

ڈیجیٹل گھڑیاں

- ڈیجیٹل گھڑیوں میں وقت ہندسوں میں دکھایا جاتا ہے۔ ریلوے اسٹیشن، موبائل فون، وغیرہ میں ڈیجیٹل گھڑیاں ہوتی ہیں
- بتایئے ان گھڑیوں میں کتنا وقت ہوا ہے۔





06:40

بجے ___

07:45

بجے ___

06:20

بجے ___

12:45


بجے ___

آیئے، اب کر کے دیکھتے ہیں (پہلے اندازہ لگائیں اور پھر گھڑی کے استعمال سے معلوم کریں)

- کھانا کھانے میں آپ کو کتنا وقت لگتا ہے۔ _____ منٹ
- نہانے میں آپ کو کتنا وقت لگتا ہے۔ _____ منٹ
- رات میں، میں _____ بجے سوتی ہوں/سوتا ہوں اور صبح _____ بجے جاگ جاتی/جاتا ہوں میں _____ گھنٹے سوتی/سوتا ہوں
- گاؤں کا اسکول _____ بجے شروع ہوتا ہے اور _____ بجے بند ہوتا ہے۔اسکول _____ گھنٹے چلتا ہے۔

اساتذہ کے لیے ہدایت: ساتھیوں کو سوئیوں والی اور ڈیجیٹل گھڑی میں وقت دیکھنے اور بتانے کے لیے ان کی حوصلہ افزائی کیجیے

کسان کی صبح

صبح 6 بجے  سے کسان گھاس کاٹنا شروع کر کے اس کے چھوٹے چھوٹے گٹھے بناتا۔ جب 5 چھوٹے گٹھے بن جاتے تو اُن پانچوں کو باندھ کر بڑا گٹھا بنا لیتا تھا۔ 7 بجے  تک گھاس کاٹ کر 15 منٹ بعد گھر پہنچ جاتا تھا۔ صبح 6 بجے سے لیکر 7 بجے تک اس نے گھاس کے 4 بڑے گٹھے بنا لیے تھے۔

- اس نے گھاس کاٹ کر کتنے چھوٹے گٹھے بنا لیے ہیں؟

  ____ اسے ____ × ____ بھی لکھ سکتے ہیں۔

- وہ گھر کتنے بجے واپس پہنچا تھا؟ ____ بجے صبح  اس وقت کو گھڑی میں دکھاتے ہیں۔
- کسان نے کتنے بجے گھاس کاٹنا شروع کیا تھا؟ ____ بجے صبح۔
- کسان نے کتنے بجے تک گھاس کی کٹائی کی؟ ____ بجے صبح۔
- گھاس کاٹنے میں کسان کو کتنا وقت لگا؟ ____ گھنٹہ = ____ منٹ
- گھاس کاٹنے اور گھر واپس پہنچنے میں کسان کو کُل وقت لگا

  1 گھنٹہ + 15 منٹ = ____ منٹ

استاد کے لیے ہدایت: روزمرہ کی زندگی کے کاموں میں لگنے والے وقت کی کچھ مثالیں لے کر گفتگو کیجیے۔

میرے الفاظ